**SHIELD CORPORATION LTD.**
Office No:1007,10th Floor, Business Avenue, Block 6, P.E.C.H.S.,Shahrah-e-Faisal
Karachi -75400, Pakistan.Tel: [92-21] 34385003-4 Web: www.shield.com.pk

**Shield**®

# اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کے شیئر ہولڈرز (حصص یافتگان) کا ترپنواں سالانہ اجلاس عام بروز پیر، ۲۸ اکتوبر ۲۰۲۴ء کو صبح ۱۰:۰۰ بجے ۱۰۹، بزنس ایونیو، بلاک ۶، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی میں اور بذریعہ ویڈیو لنک منعقد ہوگا جس میں درج ذیل معاملات نمٹائے جائیں گے۔

**عمومی امور**

۱۔ سالانہ اجلاس عام مورخہ ۱۹ اکتوبر ۲۰۲۳ء کے منظور شدہ معاملات کی تصدیق۔

۲۔ ۳۰ جون ۲۰۲۴ء کو ختم ہونیوالے سال کے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی بیانیات کی وصولی، غور، منظوری اور توثیق مع ڈائریکٹرز کی رپورٹ اور آڈیٹرز کی رپورٹ۔

https://corporate.shield.com.pk/corporate/invrealtion/

۳۔ ۳۰ جون ۲۰۲۵ء کو ختم ہونے والے آئندہ سال کے لئے کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین۔

**دیگر امور**

۴۔ صدر کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کو زیرِ کاروائی لانا۔

کراچی: ۲۶ ستمبر ۲۰۲۴ء

بحکم بورڈ
(حافظ محمد حسن)
کمپنی سیکریٹری

**نوٹ:**

۱۔ کمپنی کے تبادلہ حصص کی کتاب (شیئرز ٹرانسفر بک) مورخہ ۱۷ اکتوبر ۲۰۲۴ء سے ۲۸ اکتوبر ۲۰۲۴ء (بشمول دونوں دن) تک بند رہے گی۔

۲۔ ایک رکن جو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ہے اپنی جگہ شرکت کے لئے کسی اور رکن کو بطور پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسیز کے مؤثر ہونے کیلئے ان کا اجلاس سے ۴۸ گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہونا ضروری ہے۔

۳۔ SECP کے 2021 کے سرکلر نمبر 4 کے مطابق، وہ حصص یافتگان جو مجازی طور پر AGM میں شرکت کرنا چاہتے ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ درج ذیل میں دی گئی معلومات "شیلڈ کی ۵۳ ویں AGM" کے مضمون کے ساتھ بمع قومی شناختی کارڈ کے دونوں اطراف کی درست کاپی کے ساتھ general.meetings@shield.com.pk پر اجلاس سے ۴۸ گھنٹے قبل ای میل کریں۔

| شیئر ہولڈر کا نام | قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو/ سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | رجسٹرڈ ای-میل | موبائل فون نمبر |
|---|---|---|---|---|

حصص یافتگان کے رجسٹرڈ ای-میل سے مطلوبہ معلومات متعین کردہ وقت پر کمپنی کو موصول ہونے پر ویڈیو کانفرنس لنک اور لاگ ان سے متعلق تفصیلات حصص یافتگان کے رجسٹرڈ ای-میل پر فراہم کردی جائیں گی۔

اجلاس کے معاملات کے بارے میں حصص یافتگان اپنے تاثرات اور سوالات مذکورہ ای میل ایڈریس پر بھی دے سکتے ہیں۔

۴۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتے میں ہونیوالی کسی بھی تبدیلی یا اگر وہ زکوۃ کی کٹوتی سے مستثنیٰ ہیں تو زکوۃ سے استثنیٰ کا فارم CZ-50 کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، شاہراہ فیصل، کراچی ۷۴۴۰۰ کو جمع کرائیں۔ وہ تمام شیئر ہولڈرز جن کے اکاؤنٹ سی ڈی سی میں ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتے اور زکوۃ کی کٹوتی سے استثنیٰ کا ریکارڈ اپنے پارٹیسپنٹ کے پاس درست کروالیں۔

۵۔ کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۲۴۲ اور کمپنیز (ڈیویڈنڈ کی تقسیم) ریگولیشنز ۲۰۱۷ء کی شرائط کے تحت لسٹڈ کمپنیوں پر یہ لازمی ہے کہ وہ اپنے حصص یافتگان کو ڈیویڈنڈ کی نقد رقم الیکٹرونک طریقہ کار کے ذریعے ان کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں کریں۔ ایسے تمام شیئر ہولڈرز جنھوں نے اپنے انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) اب تک جمع نہیں کرائے ہیں، ان سے درخواست ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارم کو پر کریں اور فزیکل شیئر کی صورت میں اپنے اصل دستخط اور قومی شناختی کارڈ کی نقل کے ہمراہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کریں۔ اگر شیئرز سی ڈی سی کے پاس ہوں تو الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارم لازمی طور پر شیئر ہولڈر / بروکر / پارٹیسپنٹ سی ڈی سی / اکاؤنٹ سروسز میں جمع کرائیں۔

۶۔ کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے تحت، کوئی بھی ڈیوڈنڈ اور / یا شیئر سرٹیفکیٹ جو گزشتہ تین سال سے تاحال غیر کلیم شدہ یا غیر ادا شدہ ہیں۔ کمپنی ان رقوم کو SECP کی جاری کردہ ہدایت کے مطابق وفاقی حکومت کے پاس جمع کرانے کی ذمہ دار ہے۔ حصص یافتگان سے گزارش ہے کہ اپنے غیر تقسیم شدہ / غیر دعوٰی شدہ ڈیوڈنڈ / شیئر سرٹیفکیٹ کے کلیم کو بروقت داخل کرنے کے امر کو یقینی بنائیں اور کمپنی سے رابطہ کریں۔

۷۔ کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی شق (۶) ۲۲۳ کی تعمیل میں، QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے اپنے ممبران کو کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی بیانات کی ترسیل کے لیے SECP کے SRO389(I)/2023 مورخہ ۲۱ مارچ ۲۰۲۳ء اور ۱۹ اکتوبر ۲۰۲۳ کو منعقدہ ۵۲ ویں سالانہ اجلاس عام میں حصص یافتگان کی منظوری کے مطابق، QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ۳۰ جون ۲۰۲۴ء کو ختم ہونیوالے سال کے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی بیانیات کی رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔ کمپنی تاہم سالانہ ڈٹ شدہ مالیاتی بیانیات کی ہارڈ کاپی حصص یافتگان کو ان کے رجسٹرڈ پتے پر، سات دنوں کے اندر، درخواست پر مفت فراہم کرے گی۔ درخواست فارم کمپنی کی ویب سائیٹ پر دستیاب ہے۔

۸۔ کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۷۲ کے تحت ہر کمپنی کو اپنے فزیکل شیئر کو بک انٹری فارم سے اس انداز میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے جیسا کہ SECP کی طرف سے وضاحت کی گئی ہے جس کی تاریخ کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے نفاذ کے بعد چار سال کی مدت ہے۔ SECP نے بذریعہ خط نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مورخہ ۲۶ مارچ ۲۰۲۱ء لسٹڈ کمپنیوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنے حصص یافتگان جو فزیکل شیئرز رکھتے ہیں، شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کروانے کے لئے رابطہ کریں۔

حصص یافتگان سے گزارش ہے کہ وہ کسی سی ڈی سی اکاؤنٹ رکھنے والے بروکر یا سرمایہ دار کے ساتھ سی ڈی سی ذیل اکاؤنٹ کھلوائیں تاکہ ان کے فزیکل شیئر کا اندراج کیا جاسکے۔ اس سے حصص یافتگان کو کئی طریقوں سے سہولت ملے گی، بشمول محفوظ حراست اور کسی بھی وقت شیئرز کی فروخت، کیونکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ قواعد کے مطابق فزیکل شیئرز کی تجارت کی اجازت نہیں ہے۔

۹۔ حصص یافتگان ویڈیو کانفرنس کی سہولت بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس ضمن میں برائے مہربانی درج ذیل کو پر کریں اور سالانہ اجلاس عام کے انعقاد سے کم از کم ۷ یوم قبل کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر جمع کرائیں۔ اگر کمپنی 10% تک مجموعی شیئر ہولڈنگ رکھنے والے ممبران جو ایک مخصوص جغرافیائی لوکیشن پر رہائش پزیر ہوں، کے عندیے میٹنگ میں ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ شرکت کے لیے اجلاس سے کم از کم ۷ روز پہلے وصول کرتی ہے تو کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کی دستیابی کی صورت میں اس سہولت کا انتظام کرے گی۔

میں ہم .............. کا / کی .............. شیلڈ کارپوریشن لمیٹڈ کے ممبر کی حیثیت سے رجسٹر فولیو / CDS اکاؤنٹ نمبر ..............
کے تحت، .............. عام شیئرز رکھتا ہوں، .............. میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتا ہوں۔
نام اور دستخط .............................. تاریخ ..............

۱۰۔ کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن 119 اور کمپنیز (جنرل پروویژنز اینڈ فارمز) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ء کے تحت تمام حصص یافتگان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنی لازمی معلومات جیسے CNIC نمبر، پتہ، ای میل ایڈریس، موبائل / ٹیلی فون نمبر، انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) وغیرہ، ہمارے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر فراہم کریں تاکہ قانون کی عدم تعمیل یا مستقبل میں کسی بھی قسم کی تکلیف سے بچا جاسکے۔

۱۱۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ یافتگان کو مورخہ ۲۶ جنوری ۲۰۰۰ء کو (SECP) کے جاری کردہ سرکلر 1 میں مذکورہ ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

۱۲۔ SECP کی جاری کردہ SRO634(I)/2014 بتاریخ ۱۰ جولائی ۲۰۱۴ء کے مطابق کمپنی کی مالیاتی رپورٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر شائع کردی گئی ہیں۔